© rasailojaraid.com

کام ہے، میں ان کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ جو حضرات تحریکِ اسلامی سے وابستہ نہیں ہیں وہ بھی اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ مجھے معلوم نہیں کہ یہ کتاب پاکستان میں دست یاب ہے یا نہیں، اگر ایسا انتظام نہ ہو تو ادارۂ معارفِ اسلامی اور اسلامی پبلشرز لاہور کو اس طرف توجہ دینی چاہیے کہ بھارت میں شائع ہونے والی عمدہ کتابیں پاکستان میں خریدی جا سکیں۔ (نظر زیدی)

**یہ ترکی ہے** تصنیف: حکیم محمد سعید صاحب۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن، ہمدرد سنٹر، ناظم آباد، کراچی۔ قیمت: دس روپے

اس خوب صورت کتاب میں محترم حکیم محمد سعید صاحب نے اپنے سفرِ ترکی کے کوائف بیان کیے گئے ہیں۔ کتاب بچوں کے لیے ہے اور بہت مفید اور بہت خوب صورت ہے۔ اس کے مطالعہ سے قاری برادر اسلامی ملک ترکی کے بارے میں قریب قریب سب ضروری باتوں سے آگاہ ہو جاتا ہے۔ اسلوبِ نگارش آسان اور دلکش ہے اور بعض حصے تو اس قدر پیارے ہیں کہ دل میں سرور پیدا کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر ص ۴۴ کی یہ عبارت دیکھیے:

"جب ہم مسجد میں پہنچے تو ظہر کا وقت تھا۔ ہم فوراً وضو کر کے جماعت میں شامل ہو گئے۔ مسجد کے امام ایک بہت بوڑھے آدمی تھے۔ انہوں نے ترکی کے آخری سلطان کا زمانہ بھی دیکھا تھا اور جمہوری انقلاب کا بھی۔ میں نے دیکھا کہ مسجد کے ایک حصے میں کچھ بچے بیٹھے قرآن پاک کی تلاوت کر رہے ہیں۔ میں بھی ان کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔ ایک بچہ پانچواں پارہ پڑھ رہا تھا۔ جہاں وہ تھا وہاں سے میں نے بغیر دیکھے آگے پڑھنا شروع کر دیا۔ آخر حافظِ قرآن ہوں۔ بچہ اپنا پڑھنا بھول کر مجھے دیکھنے لگا۔ دوسرے سیّاح بھی حیران ہو کر مجھے دیکھنے لگے۔ نہ جانے انہیں کیوں یقین نہیں آ رہا تھا کہ میں بھی قرآن پڑھ سکتا ہوں۔ میں نے چار پانچ رکوع پڑھ ڈالے۔"

© rasailojaraid.com